# مطبوعات

**مسلمان خواتین کی دینی اور علمی خدمات** تالیف: پروفیسر سید محمد سلیم - ناشر: ادارۂ تعلیمی تحقیق تنظیم اساتذہ پاکستان - ۸ - اے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور - کاغذ طباعت خوب، رنگین دبیز سرورق - صفحات: ۱۶۰، قیمت: -/۱۵ روپے

پروفیسر سید محمد سلیم صاحب کو اللہ تعالیٰ نے سچے دینی شعور کے ساتھ جو ذوقِ تاریخ اور حافظہ و تخلیق کی جو قوتیں عطا کی ہیں اُن کے ثمرات سامنے آتے ہی رہتے ہیں - ان کی تازہ تالیف بہ عنوانِ بالا سامنے ہے - اس کتاب کو پڑھ کر آپ کو اپنی تاریخ پہلے سے بڑھ کر قابلِ فخر محسوس ہو گی - تحریکِ اسلامی نے عورتوں کو نہ صرف شرفِ انسانیت عطا کیا بلکہ علم کے دروازے ان پر کھول دیئے - اس صنف میں سے کئی حافظات و قاریات، محدثات و فقیہات، واعظات و عابدات اور شاعرات و ادیبات نمودار ہوئیں - بہت سی مؤرخ اور خوشنویس، معالج اور مدرس خواتین پیدا ہوئیں -

یہ ایک عجیب تجربہ ہے کہ مغرب کی یورش سے پہلے کی مسلم عورت خواہ کتنی ہی تعلیم یافتہ ہو اور خواہ کسی بھی علم و فن کی خدمت کرے، اس میں آوارگی اور بے پردگی کے رجحانات اُبھرتے نہیں دیکھے گئے - خواتین نے بڑے بڑے وسیع حلقوں میں درس دیئے، مگر کیا مجال کہ پردہ کی کوئی حد ٹوٹے -

آج یہ منظر عبرت ناک ہے کہ چار حرف پڑھتے ہی لڑکیاں گھر سے باہر کی طرف لپکتی ہیں - اور پردے سے بے پردگی کی طرف - اِس دَور کے نظریات اور تعلیمی سسٹم میں ایسی خرابیاں ہیں کہ ان پر تین حرف بھیجنے چاہئیں -

---

**۱۹۸۵ء کا اقبالیاتی ادب** | از ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی - ناشر: پروفیسر محمد منور صاحب ڈائریکٹر اقبال اکیڈمی پاکستان - بڑے سائز کے ۷۵ صفحات - قیمت: ۱۸/- روپے

عزیز دوست ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کئی سال کی مسلسل کاوشوں کے بعد آج اقبالیات کے ماہر کی حیثیت سے صفِ اوّل کے اصحابِ تحقیق میں سے ہیں - وقتاً فوقتاً وہ اقبال کے متعلق نت نئے عنوانات پر نتائج کاوش اہلِ ذوق کے سامنے لاتے رہتے ہیں - ان کی یہ تازہ کوشش بڑی قابلِ قدر ہے کہ انہوں نے پوری طرح جائزہ لیا کہ ۱۹۸۵ء میں علامہ اقبال کی شخصیت وسوانح اور فن وفکر کے متعلق جو کچھ شائع ہوا ہے اس کا تذکرہ بھی ہو جائے اور خاص خاص خطوط اور مضامین اور دریافت شدہ مسودات کی بھی جھلک دکھا دی جائے - خاص طور پر علامہ اقبالؒ کے متعلق سوانحی اور تشریحاتی کتابیں نیز اقبال ہی کے متعلق جامعات کے امتحانی مقالے، مجلات و اخبارات کی خصوصی اشاعتیں اور کتابیاتِ اقبالؒ (۱۹۸۵ء) کا اشاریہ جیسی چیزوں کا ذریعہ حوالہ ہونے کی وجہ سے یہ مختصر جائزہ بڑی شاندار حیثیت اختیار کر گیا ہے -

---

**چند تصویریں** | از جناب خرم جاہ مراد، سابق ڈائریکٹر اسلامک فاؤنڈیشن لائسٹر انگلینڈ - ناشر: ادارہ مطبوعاتِ طلبہ، ۱-اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور - خوبصورت سرورق، کاغذ طباعت عمدہ، قیمت ۶/- روپے - برائے تقسیم ۴ سو روپیہ سینکڑہ)

احیائے اسلام کے لیے شگفتہ انداز میں نئے نئے عنوانات پر اور قارئین کے مختلف طبقوں کے لیے لکھنے والے حضرات بہت زیادہ نہیں ہیں - اور اس صف میں خرم جاہ مراد کا خاص مقام ہے - تعمیر اور میکانیات کا یہ انجینئر، انسانوں کے عقیدوں اور احساسات اور کردار کی تعمیر کے فن میں بھی دنیائے دل ونگاہ کا کامیاب انجینئر ثابت ہوا -

"چند تصویریں" - سیرت کے البم میں سے لی گئی ہیں - سیرتِ پاک کے واقعات، ان سے متعلق بعض آیات اور کہیں کہیں حضورؐ کے درخشاں ارشادات -

الفاظ، عبارات، عنوانات، ترتیب دل نشیں!

---

**نمک دان ڈائجسٹ** مدیر اعلیٰ: عباس باوزیر۔ دفتر ادارت: ۸۱۷ سی بلاک۔ ۲ طارق روڈ پی۔ ای۔ سی ایچ۔ ایس، کراچی ۲۹۔ ضخامت: ۶۲ اصفحات۔ قیمت فی شمارہ دس روپے۔ سالانہ بذریعہ رجسٹری ۱۱۰/- روپے۔

ہلاکت آفرین، پُرتشدد اور غم افزا دنیا میں انسانی جراحت ہائے پنہاں کے لیے مرہم مزاح فراہم کرنے کے والے دو چار جرائد ہیں۔ ان میں اضافہ باعث مسرت ہے۔

ڈائجسٹ کو ڈائجسٹ بنانے کے لیے جس طرح متنوع، ہلکے پھلکے مضامین اور واقعاتی قصے درکار ہوتے ہیں وہ سب نمک دان میں ڈائجسٹ میں ہیں۔ مزید ڈائجسٹی شان ان نسوانی تصاویر سے اُبھر آئی ہے جس میں دوسرے بہت سے رسالے بلکہ روزنامے بھی بہت آگے ہیں۔

عباس باوزیر ہمارے دیرینہ کرم فرما ہیں۔ وہ پہلے مزدور تحریک کا جھنڈا اُٹھا کر زخم کھانے نکلے تھے، اب زخم ملے تو ان پر نمک چھڑکنے کا انتظام فرما رہے ہیں۔ واہ، مردان چنیں کنند۔ کون جانتا ہے کہ ایک انسان کے کتنے روپ ہوتے ہیں۔

---

**بختاور لڑکا** مؤلفہ: دلشاد کلانچوی۔ ناشر: اکادمی سرائیکی ادب بہاولپور ۱۴۔ قیمت: ۸/- روپے۔

کتاب کا پورا نام ہے ــــ "بختاور لڑکا، نیک جوان، آخری نبیؐ"

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کی جھلکیاں مختصر الفاظ اور سادہ زبان میں بچوں کے لیے دکھائی گئی ہیں۔ عبارت سبز رنگ سے چھپی ہوئی ہے اور پھول دار حاشیہ سرخ رنگ کا ہے۔

لفظ "بختاور" کے معنی اچھے ہیں، مگر حضورؐ کے لیے اس کا استعمال جچتا نہیں۔ رسولوں کا ذکر کرتے ہوئے الفاظ سوچ سمجھ کر استعمال کرنے چاہییں۔

دوسری قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ سیرت کے متعلق ہر جملہ اور ہر لفظ کسی واضح سند پر مبنی ہونا چاہیے۔ خصوصاً بچوں کے کانوں میں کوئی ایسی حکایاتی باتیں نہیں ڈالنی چاہییں جو ثابت شدہ نہ ہوں۔ اُمید ہے کہ اس کا اہتمام مؤلف نے ضرور کیا ہوگا، بس کہیں کہیں شاید ادھر پوری توجہ نہ رہی ہو۔

---

**مولانا ابوالاعلیٰ مودودی** | از احمد منیر - ناشر: آتش فشاں پبلیکیشنز، ایبٹ روڈ - لاہور -
صفحات: ۱۶۰ سفید کاغذ، اچھی طباعت، رنگین سرورق، قیمت: ۴۰/- روپے

مولانا (رحمۃ اللہ علیہ) کی وفات پر آتش فشاں نے ایک زوردار خاص نمبر نکالا - یہ کتاب اسی پر مبنی ہے - اس کتاب میں خاص خوبی یہ ہے کہ مولانا مودودیؒ کو فکری و سیاسی قیادت کے دائرے میں دکھانے کے بجائے بڑے اہتمام سے خالص خاندانی ماحول میں دکھایا گیا ہے - بزرگوں اور عزیزوں کے ساتھ، بیگم صاحبہ اور بچوں کے ساتھ، مختلف خاندانی تقاریب میں ان کی شخصیت کے ایک ایسے پہلو کو نمایاں کیا گیا ہے جو دوسری کتابوں میں اتنے زور سے نہیں پایا جاسکتا -
یہ کتاب خود مولینا کے صاحبزادوں اور اقربا کے انٹرویوز اور گفتگوؤں اور یادداشتوں پر مبنی ہے - اس میں مولینا کے مختلف مدارج عمر کی تصویروں کے ساتھ خاندان کے متعدد افراد کی تصاویر جمع ہیں - تصویری لحاظ سے بھی یہ کتاب خاص ہے -

---

**محمد اکرم جوئیہ - ایڈووکیٹ کے پمفلٹ** | محمد اکرم جوئیہ صاحب اسلام کے لیے انقلابی جذبہ رکھنے والے جواں سال ہم قلم ہیں جنہوں نے ان دنوں حسب ذیل پمفلٹ بطور خود چھپوائے ہیں۔
۱- پاکستان میں نظامِ زکوٰۃ کی اہمیت اور اس کی ناکامی کے اسباب ۲- ہماری اقتصادی ناہمواریاں کیوں؟ اور ان کا علاج کیسے ہو؟ ۳- تجزیۂ انسدادِ رشوت ۴- ہمارے معاشرے میں بگاڑ کیوں؟ ۵- ہمارا معاشرہ بگٹٹ کدھر بھاگ رہا ہے؟

ان تحریروں میں بڑی بے چین روح کام کر رہی ہے اور موجودہ اضطراب انگیز حالات کا نہایت مفید تجزیہ سامنے آتا ہے - میرا خیال یہ ہے کہ غالباً یہ چیزیں جناب محمد اکرم صاحب نے مفت تقسیم کے لیے چھپوائی ہیں۔

موصوف کا پتہ: محمد اکرم جوئیہ ایڈووکیٹ - بی-اے - ایل-ایل-بی - نصیر والا (میانوالی)

---

**اقامتِ دین کا کام** | از شبیر احمد منظر قدوسی - ناشر: ادارہ صدائے سحر، بنگلور ۴ - کرناٹک، ہند - طباعت صاف، سرورق خوشنما - قیمت: ۴/- روپے

اس پمفلٹ کا پورا نام تو ہے "اقامتِ دین کا کام، کہاں اور کیسے ہو؟" مضمون اس کا یہ ہے کہ تحریکی دعوتی کام کا نہایت اہم دائرہ گھر ہے - گھر میں پورے زور سے کام ہونا چاہئے اس کام کے شعبے، اس کے موضوعات، اس کی راہیں اور اس سے متعلق مسائل اور پیچیدگیاں سب کو سامنے رکھ کر مؤلف نے بڑی خوبی سے اپنا مدعا پیش کیا ہے -

---

**قافلۂ حق** | از ابن عبدالشکور - ناشر: مکتبہ ذکریٰ، رام پور، یوپی - ۲۴۴۹۰۱ - انڈیا - پاکستان میں پتہ: اسلامی پبلیکیشنز، لمیٹڈ، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور - طباعت بہت نفیس - قیمت: ۱/۷۵

اس پمفلٹ میں یہ دکھایا گیا ہے کہ تحریک مجاہدین کے سربراہوں کی شہادت (۱۸۳۱ء) سے اقامتِ دین کے کام میں جو تعطل شروع ہوا وہ ایک سو دس برس بعد (۱۹۴۱ء) میں جماعت اسلامی کے قیام سے از سرِ نو شروع ہو گیا ہے - بعد ازاں سید مودودیؒ کی دعوت اور تعلیمات اور ابتدائی دور کے تحریکی حالات محفوظ کیے گئے ہیں -

---

**مقدمۂ الحاق** | من جانب شعبہ پارلیمانی، جماعتِ اسلامی جموں و کشمیر -

اس پمفلٹ میں انڈیا سے ریاست جموں و کشمیر کے الحاق کی سازش کو محورِ گفتگو بنا کر ظلم و جبر کی اس پالیسی کے خلاف آواز اٹھائی گئی ہے، جو جماعتِ اسلامی مقبوضہ جموں و کشمیر کے خلاف بھارتی اور کشمیری حکمرانوں نے مشترک طور پر اختیار کر رکھی ہے -

---

قرآن و حدیث کے نورانی احکام | شائع کردہ : فروغ اسلام فاؤنڈیشن ، آدم جی اسٹریٹ ۔
پوسٹ بکس نمبر ۱۱۵ - راولپنڈی ۔
۷۰ پیسے کی ڈاک کی ٹکٹیں بھیج کر حاصل کریں ۔

---

اتحاد ملت کے پانچ بنیادی اصول | از سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ ۔ ناشر : ادارہ ترجمان القرآن ، لاہور
صفحات : ۱۶ - ہدیہ : ۱/۲۵ - تبلیغی مقاصد کے لیے ۷۵/- روپے فی سینکڑہ ۔

---

شیعہ حضرات کی اسلام سے بغاوت | از قاری اظہر ندیم ۔ ناشر : انجمن سپاہ صحابہ پاکستان ۔
ملنے کا پتہ : عامر اکیڈمی ، ذیلدار روڈ ، اچھرہ ، لاہور ۔ قیمت : ۳/- روپے ۔

---

سیرت ابوبکر صدیقؓ | از قلم محی الدین ایوبی ۔ ناشر : ادارہ خیر و فلاح ، بلاک نمبر ۱۳ - نیڈرل بی
ایریا - کراچی ۔

---


تحریکی لٹریچر میں خوبصورت اضافہ

# یادوں کی امانت

سید عمر تلمسانی

ترجمہ حافظ محمد ادریس

صفحات : ۵۱۲ قیمت : ۷۰/- روپے

البدر پبلی کیشنز - ۲۳ - راحت مارکیٹ ۔ اردو بازار ، لاہور